ماڈل پیپر اردو (معروضی)　　　جماعت نہم　　　(تعلیمی سیشن 13-2012 ومابعد)　　　سیکنڈری پارٹ (I)

وقت 20 منٹ　　　**Paper Code ----**　　　کل نمبر 15

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے "write correct option" والے خانے میں حرف A , B , C یا D بھی لکھیے۔ اگر bubble اور hand written جواب میں تضاد ہوا تو bubble والا جواب درست تسلیم ہوگا۔

	Questions	(A)	(B)	(C)	(D)
i)	نبوت کا ________ سال شروع ہوا اور اکثر صحابہ مدینے پہنچ گئے۔	بارھواں	دسواں	تیرھواں	پندرھواں
ii)	مولانا الطاف حسین حالی کا آبائی وطن ہے۔	دہلی	لکھنو	آگرہ	پانی پت
iii)	سبق ''پنچایت'' کے مصنف کون ہیں۔	سرسید احمد خاں	منشی پریم چند	مرزا ادیب	کرنل محمد خان
iv)	سبق ''قدر ایاز'' میں کرنل کا بنگلہ کم وبیش کتنے ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا۔	ایک ایکڑ	دو ایکڑ	تین ایکڑ	چار ایکڑ
v)	علامہ محمد اقبالؒ کس سن میں فوت ہوئے۔	۱۹۳۵ء	۱۹۳۷ء	۱۹۳۸ء	۱۹۳۹ء
vi)	دل قویٰ کے بےکار ڈالنے سے انسان مائل ہو جاتا ہے۔	بری باتوں کی طرف	وحشیانہ باتوں کی طرف	ظالمانہ باتوں کی طرف	مخلصانہ باتوں کی طرف
vii)	مصرع مکمل کریں۔ ''آتش غم میں دل بھنا''	یقیناً	کباب	حباب	شاید
viii)	اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے۔	دنیا	دولت	کملی	چادر
ix)	سبق ''آرام وسکون'' میں ڈاکٹر نے میاں کے لیے کیا علاج تجویز کیا۔	ورزش	آرام وسکون	آپریشن	پرہیز
x)	سید امتیاز علی تاج نے عمر پائی۔	۵۰ سال	۶۰ سال	۷۰ سال	۸۰ سال
xi)	''نٹ'' کی مونث ہے۔	نٹوں	نٹنی	نٹیا	نٹی
xii)	''مُلک'' کی جمع ہے	ممالک	املاک	ملوک	ملائک
xiii)	خالی جگہ میں مناسب واحد لگائیں۔ ''اپنے کام کو ____ سے پاک رکھو۔	نقوص	نفس	نقص	نقش
xiv)	مندرجہ ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے۔	ساس، صراط	اندھیر، تیرگی	فرقت، راحت	قلب، قصرت
xv)	''خورد'' کا متضاد ہے۔	خارجہ	خادم	متحرک	کلاں

ماڈل پیپر اردو (انشائیہ) جماعت نہم (تعلیمی سیشن 13-2012 و مابعد) سیکنڈری پارٹ (I)

وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر 60

حصہ ------------------ اول

سوالنمبر 2) مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

﴿حصہ نظم﴾

i) چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

ii) تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مرکر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

iii) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہوکہ تو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

iv) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

﴿حصہ غزل﴾

v) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے امید — رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

vi) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

vii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

حصہ دوم

سوالنمبر 3) مندرجہ ذیل اقتباسات کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے حوالہ متن، خط کشیدہ الفاظ کے معانی اور سبق کا سیاق و سباق بھی درج کیجیے۔ 10

الف) اس فیصلے نے الگو اور جمن کی دوستی کی جڑیں ہلا دیں۔ تناور درخت حق کا ایک جھونکا بھی نہ سہہ سکا۔ وہ اب بھی ملتے تھے۔ مگر وہ تیر و سپر کی طرح۔ جمن کے دل سے دوست کی غداری کا خیال دور نہ ہوتا تھا اور انتقام کی خواہش چین نہ لینے دیتی تھی۔ خوش قسمتی سے موقع بھی جلد مل گیا۔ الگو چودھری پچھلے سال میلے سے بیلوں کی اچھی گوئیاں مال لائے تھے پچھائیں نسل کے خوبصورت بیل تھے، مہینوں تک قرب و جوار سے لوگ انھیں دیکھنے آتے رہے۔

ب) مرزا کی نیت آموں سے کسی طرح سیر نہ ہوتی تھی۔ اہل شہر تحفتاً بھیجتے تھے۔ خود بازار سے منگواتے تھے۔ باہر سے دور دور کا آم بطور سوغات کے آتا تھا، مگر حضرت کا جی نہیں بھرتا تھا۔ نواب مصطفٰے خاں ناقل تھے کہ ایک صحبت میں مولانا فضل حق اور دیگر احباب موجود تھے اور آم کی نسبت ہر ایک شخص اپنی اپنی رائے بیان کر رہا تھا کہ اس میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں۔

سوالنمبر 4: مختصر جواب دیں (کوئی سے پانچ) 10

i) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا۔

ii) الگو چودھری کا فیصلہ سن کر شیخ جمن کا ردعمل کیا تھا۔

iii) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں۔

vi) بندوق چلے تو کوے کیا کرتے ہیں۔

v) تجمل نے اختر کو کونسی خوشخبری سنائی۔

vi) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

vii) حضرت بی کون تھیں اور انھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

viii) صحت مند رہنے کے لیے کیا باتیں ضروری ہیں؟

سوالنمبر 5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک "سبق" کا خلاصہ لکھیں۔ 5

کاہلی یا قدر ایاز

سوالنمبر 6: نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال اور شاعر کا نام لکھیں۔ 5

سوالنمبر 7: چھوٹے بھائی کے نام "پڑھائی میں عدم دلچسپی کا خط لکھیں۔ 10

یا

اپنے دوست کے نام خط لکھیں اسے بہن کی شادی پر فضول خرچی سے بچنے کی تلقین کریں۔

سوالنمبر 8: ''دکاندار اور خریدار'' کے درمیان مہنگائی پر مکالمہ تحریر کریں۔ 5

یا

دو ہم جماعت طلبا کے درمیان امتحان کی تیاری سے متعلق مکالمہ تحریر کریں۔

سوالنمبر 9: درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

i) فاتحہ نہ درود مر گئے نمرود ii) ہمارے قول وفعل میں تزاد نہیں ہونا چاہیے۔ iii) سپاہی کھانے کو ٹوٹ پڑے

iv) جب تک سانس تب تک یاس v) تگنی کا ناچ نچایا۔

..........یا.......... درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

i) کاٹھ کی ہانڈی ____________ ii) پاک رہو ________________ iii) زبان خلق کو ____________

iv) بخشو بی بلی ________________ v) دل کو دل سے ________________